© rasailojaraid.com

تصویر جامع قرطبہ کی زبوں حالی' اور پھر شامت اعمال کے باعث ان کی وہاں سے دربدری اور بے توقیری کا نوحہ آپ نے جس درد دل کے ساتھ بیان کیا ہے وہ علامہ اقبال کی جامع مسجد قرطبہ پر لکھی گئی نظم کا ہم پلہ ہے۔

کتاب انتہائی خوبصورت' اعلیٰ کاغذ' مضبوط جلد اور آرٹ تصاویر سے مزین ہے۔ اور ظاہری و معنوی حسن کا حسین امتزاج ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب ہر کتب خانے اور ہر علمی گھرانے کے لئے ایک نسخہ کیمیاء ہے۔

---

تفسیر سورۃ فاتحہ تحفۃ الاسلام مؤلف: مولانا حافظ محمد اکرام الدینؒ ضخامت: ۵۶ صفحات

ناشر: خالد یوسف رنگ والا۔ F-12 اسٹیٹ ایونیو سائٹ کراچی

زیر نظر تفسیر خانوادہ شاہ ولی اللہ کے چشم و چراغ حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ کے تلمیذ رشید حضرت مولانا حافظ محمد اکرام الدین رحمہ اللہ نے آج سے پونے دوسو سال قبل تالیف کی تھی۔ مؤلف علام وہ شخصیت ہیں جنکو حضرت سید احمد شہیدؒ نے دعا دے کر از خود مسند درس پر بٹھایا تھا۔ سورۃ فاتحہ کی ایسی جامع اسرار و رموز اور لطیف نکات سے بھرپور تفسیر ماشاء اللہ مؤلف کی جامعیت علم کی واضح دلیل ہے' ۵۶ صفحات پر مشتمل یہ رسالہ ۹۷ عنوانات پر محیط ہے' جسمیں معلومات آفرین مباحث ہیں اور علم و تحقیق کے نئے زاویے دل و دماغ کے سامنے وا ہوئے ہیں بغرض افادہ عام خالد یوسف صاحب رنگ والا نے دوبارہ اسکو شائع کرایا جو کہ یقیناً ایک بہت بڑی خدمت اور باعث سعادت کارنامہ ہے۔

---

واقعات حیرت انگیز امام ابوحنیفہؒ تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ترجمہ و فارسی مولانا پائندہ محمد زعیم بدخشانی ضخامت: ۱۶۸ صفحات

قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے امام اعظم ابوحنیفہؒ کے حیرت انگیز واقعات کے نام سے اردو زبان میں ایک انتہائی دلچسپ اور فکر انگیز کتاب لکھی ہے' جس کے کئی ایڈیشن انتہائی قلیل مدت میں نکل گئے اور تاہنوز اس کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ کتاب کی افادیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کا پشتو زبان میں ترجمہ کیا گیا اور اس کے بھی کئی اشاعتیں مارکیٹ میں آئیں۔ زیر تبصرہ کتاب اسی امام اعظم ابوحنیفہ کے حیرت انگیز واقعات کا فارسی ایڈیشن ہے پاکستان میں افغان مہاجرین میں کثیر تعداد فارسی بولنے والوں کی ہے۔ ان حضرات نے مؤلف کتاب سے تقاضا کیا۔ کہ اس کتاب کو فارسی میں منتقل کیا جائے۔ چنانچہ مولانا پائندہ محمد زعیم صاحب بدخشانی نے اس کو ملبوس فارسی میں مزین کیا۔ اب دوسری بار یہ کتاب مارکیٹ میں آئی ہے۔ فارسی زبان وادب سے شغف رکھنے والے اسکے مطالعہ سے پوری طرح محظوظ ہوں گے' کیونکہ مؤلف کتاب نے انتہائی محنت اور عرقریزی سے ہزار ہا صفحات کا نچوڑ اور عطر پیش کیا ہے اور دور حاضر کے جن اذہان فاسدہ نے امام اعظمؒ کے بارے میں ہرزہ سرائیاں کی ہیں۔ اور آپکے ارفع و اعلیٰ مقام کو کم تر کرنے کی مذموم کوششیں کی ہیں ان بے بنیاد خدشات اور توہمات کے ازالہ کیلئے یہ ایک جواب شافی ہے۔

© rasailojaraid.com